ماہِ قرآن رمضان المبارک میں امتّ محبوبِ رحمٰن کو پہنچائیں،
پیغامِ قرآن اور فرامینِ شاہِ دو جہان
درسِ قرآن و حدیث
رمضان المبارک 1446
پیشکش
علامہ راشد علی عطاری مدنی
درس نمبر:14
ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

درسِ رمضان المبارک:14

مرتبین
مولانا محمد برھان عطاری

زیرِ نگرانی
علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَكَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ بارہ مع درسِ حدیث

مرتب : مولانا محمد برھان عطاری

صفحات : 27

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اور نواھی منتخب کر کے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

مولانا محمد برھان عطاری

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دوار بعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور 60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاء اللہ

خلاصہ پارہ چودہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوة والسلام عليك يارسو ل الله

اسلام کی نعمت کی قدر کرو۔(پارہ14،الحجر:2)

اللہ کے مقرر کردہ وقت اور فیصلوں پر یقین رکھو۔(پارہ14،الحجر:4)

کسی قوم کا مقررہ وقت آنے سے پہلے اس کی ہلاکت کا گمان نہ کرو،اور اس میں تاخیر کی امید نہ رکھو۔(پارہ14،الحجر:5)

نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخی نہ کرو۔(پارہ14،الحجر:6)

قرآن پاک کی حفاظت پر کامل یقین رکھو۔(پارہ14،الحجر:9)

اللہ کے رسولوں کا مذاق نہ اُڑاؤ۔(پارہ14،الحجر:11)

سابقہ امتوں کے انجام سے عبرت حاصل کرو۔(پارہ14،الحجر:13)

آسمان میں اللہ کی نشانیوں پر غور و فکر کرکے معرفت الٰہی حاصل کرو۔(پارہ14،الحجر:16)

زمین میں اللہ کی قدرت کی نشانیاں دیکھو اور اس پر غور و فکر کرکے معرفت وحدانیت الٰہی حاصل کرو۔(پارہ14،الحجر:19)

اللہ پاک ہی حقیقی رازق ہے اس پر ایمان لاؤ۔(پارہ14،الحجر:20)

خود کو رازق سمجھنے کی غلطی نہ کرو۔(پارہ14،الحجر:20)

اپنے آپ کو عاجز تسلیم کرو۔(پارہ14،الحجر:22)

اللہ پاک کے قادر مطلق ہونے پر ایمان لاؤ۔(پارہ14،الحجر:22)

اللہ پاک کے محیی اور ممیت ہونے پر ایمان لاؤ۔(پارہ14،الحجر:23)

نیک عمل کرنے میں اپنی نیت کا قبلہ درست رکھو۔(جب مسائخرین سے مراد عذر کی وجہ سے نیک اعمال میں پیچھے رہ جانے والے ہوں)(پارہ 14،الحجر:24)

قیامت کے دن اللہ پاک کا تمام لوگوں کو جمع کرنے اور حساب لینے پر کامل یقین رکھو۔(پارہ14،الحجر:25)

اللہ پاک کے علیم و حکیم ہونے پر کامل یقین رکھو۔ (پارہ 14، الحجر:25)

اپنی تخلیق میں اللہ کی قدرت اور حکمت پر غور کرو۔ (پارہ 14، الحجر:26)

جنات کی تخلیق میں اللہ تعالیٰ کی قدرت پر غور کرو۔ (پارہ 14،

الحجر:27)

انسان کی تخلیق اللہ تعالیٰ کے حکم اور قدرت سے ہوئی، اس پر غور کرو۔(پارہ14،الحجر:28)

اپنی اصل کو فراموش نہ کرو، تکبر سے بچو۔(پارہ14،الحجر:28)

انسان کی تخلیق اللہ تعالیٰ کے کامل انتظام اور روح کے نفخ سے ہوئی، اس پر ایمان رکھو۔(پارہ14،الحجر:29)

اللہ کے حکم کے مقابلے میں تکبر نہ کرو۔(پارہ14،الحجر:33)

حکم الٰہی کی مخالفت نہ کرو۔(پارہ14،الحجر:33)

اللہ کے حکم کی نافرمانی کرنے والوں پر لعنت ہوتی ہے، پس اس سے بچو۔(پارہ14،الحجر:35)

شیطان کے مکر و فریب سے ہوشیار رہو، کیونکہ وہ مہلت یافتہ ہے اور قیامت تک گمراہ کرتا رہے گا۔(پارہ14،الحجر:36-38)

شیطان کے دھوکے میں نہ آؤ۔(پارہ14،الحجر:39)

دنیا کی زینت میں دھوکہ نہ کھاؤ، یہ شیطان کا مکر ہے۔(پارہ 14، الحجر:39)

اللہ کے خالص بندوں میں شامل ہونے کی کوشش کرو تاکہ شیطان کی گمراہی سے محفوظ رہو۔(پارہ14،الحجر:39-40)

اللہ کے مخلص بندے بنو۔(پارہ14،الحجر:42)

شیطان کے پیروکار نہ بنو۔(پارہ14،الحجر:42)

سیدھے راستے پر چلو۔(پارہ14،الحجر:41)

گمراہوں کے راستے پر مت چلو۔(پارہ14،الحجر:42)

جہنم میں لے جانے والے اعمال نہ کرو۔(پارہ14،الحجر:44)

تقویٰ اختیار کرو تاکہ جنت کے مستحق بنو۔(پارہ14،الحجر:45)

جنت میں داخلے کے لیے نیک اعمال کرو۔(پارہ14،الحجر:46)

ایسے کام نہ کرو جو جنت سے محرومی کا سبب بنیں۔(پارہ 14، الحجر:45-46)

دلوں سے کینہ و بغض نکالو تاکہ جنت میں بھائی چارے کے ساتھ رہ سکو۔(پارہ14،الحجر:47)

جنتی نعمتوں کے مستحق بننے کے لیے تقویٰ اختیار کرو۔(پارہ 14، الحجر:48)

ایسی عادتیں نہ اپناؤ جو دل میں بغض اور دشمنی پیدا کریں۔(پارہ 14، الحجر:47)

ایسے اعمال سے بچو جو جنت سے محرومی کا باعث بنیں۔(پارہ 14، الحجر:48)

اللہ کی رحمت سے امید رکھو، وہ بے حد بخشنے والا اور مہربان ہے۔(پارہ 14، الحجر:49)

گناہوں پر ڈٹ نہ جاؤ، اللہ کا عذاب بہت دردناک ہے۔(پارہ 14، الحجر:50)

بخشش حاصل کرنے کے لیے توبہ واستغفار کرو۔(پارہ14، الحجر:49)

ایسے اعمال نہ کرو جو اللہ کے عذاب کا باعث بنیں۔(پارہ 14، الحجر:50)

اللہ کے نیک بندوں کی مہمان نوازی کرو۔(پارہ14، الحجر:51)

مہمانوں کی آمد پر خوش دلی کا مظاہرہ کرو، ان سے حسن سلوک کرو۔(پارہ14، الحجر:51)

مہمانوں کو نظر انداز نہ کرو، ان کی عزت و تکریم کرو۔(پارہ 14،

الحجر:51)

مہمانوں کو سلامتی کی دعا دو۔(پارہ14، الحجر:52)

مہمانوں سے حسن سلوک اور اچھے انداز میں گفتگو کرو۔(پارہ 14، الحجر:52)

اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔(پارہ14، الحجر:55)

اللہ کی بشارت پر یقین رکھو۔(پارہ14، الحجر:53)

مایوسی گمراہ لوگوں کی صفت ہے،اس سے بچو۔(پارہ14، الحجر:56)

مجرم قوموں کے انجام سے عبرت حاصل کرو۔(پارہ14، الحجر:58)

اللہ کے نیک بندوں کے ساتھ رہو، ہلاک ہونے والوں سے نہ جُڑو۔ (پارہ14، الحجر:59-60)

اللہ کے حکم پر بغیر تاخیر کے عمل کرو۔(پارہ14، الحجر:65)

بد عملی پر اصرار کرنے والی قوموں سے عبرت حاصل کرو۔(پارہ14، الحجر:67-70)

غفلت میں پڑے رہنے سے بچو۔(پارہ14، الحجر:72)

اللہ کے عذاب سے ڈرو، وہ ناگہانی آسکتا ہے۔(پارہ14، الحجر:73)

نافرمان قوموں کے انجام سے سبق حاصل کرو۔(پارہ14،الحجر:74)
اللہ کی نشانیاں دیکھ کر غور و فکر کرو۔(پارہ14،الحجر:75)
ہدایت یافتہ لوگوں کے راستے پر چلو۔(پارہ14،الحجر:77)
ظالم قوموں کے انجام سے عبرت حاصل کرو۔(پارہ14،الحجر:78-79)

دنیاوی اسباب پر بھروسہ نہ کرو، اللہ کی پکڑ سے بچنے کا واحد راستہ ایمان اور نیک عمل ہے۔(پارہ14،الحجر:82-84)
دنیا اور کائنات کو حق کے ساتھ پیدا کیا گیا ہے، لہٰذا حقیقت کی تلاش کرو۔(پارہ14،الحجر:85)
قیامت کا وقوع یقینی ہے، اس کی تیاری کرو۔(پارہ14،الحجر:85)
اللہ تعالیٰ کی پیدا کردہ نعمتوں پر غور کرو۔(پارہ14،الحجر:86)
اللہ نے قرآن عظیم عطا فرمایا ہے، اسے مضبوطی سے تھامو۔(پارہ 14،الحجر:87)

دنیاوی چیزوں پر نظر نہ جماؤ، اللہ کے دیے پر راضی رہو۔(پارہ14، الحجر:88)

مؤمنین کے ساتھ نرمی اور شفقت سے پیش آؤ۔(پارہ14،الحجر:88)

واضح پیغام پہنچانے والے بنو، حق کو بیان کرو۔(پارہ14،الحجر:89)

قرآن کو ٹکڑوں میں تقسیم کر کے اس میں تحریف کرنے والوں سے بچو۔(پارہ14،الحجر:91)

ہر شخص سے اس کے اعمال کا حساب ضرور لیا جائے گا، اپنے اعمال درست رکھو۔(پارہ14،الحجر:92-93)

حکم الٰہی کو کھل کر بیان کرو۔(پارہ14،الحجر:94)

مشرکوں کی مخالفت کی پرواہ نہ کرو، ان سے کنارہ کشی اختیار کرو۔(پارہ 14،الحجر:94)

حق کا مذاق اُڑانے والوں سے نہ گھبراؤ۔(پارہ14،الحجر:95)

لوگوں کی باتوں سے دل تنگ نہ کرو، صبر اور ذکر اختیار کرو۔(پارہ 14،الحجر:97)

اللہ کی حمد بیان کرو اور سجدہ گزار بنو۔(پارہ14،الحجر:98)

اللہ کی عبادت کرتے رہو، یہاں تک کہ یقین (موت) آجائے۔(پارہ 14،الحجر:99)

اللہ کو ہر عیب اور شرک سے پاک مانو، اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔(النحل:1،پارہ14)

اللہ کے چنے ہوئے بندوں کی بات مانو، اللہ سے ڈرو، اور اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو۔(النحل:2،پارہ14)

زمین و آسمان کی تخلیق پر غور کرو، اللہ کی وحدانیت کا یقین رکھو، اور شرک سے بچو۔(النحل:3،پارہ14)

اپنی حقیقت پہچانو، اپنی تخلیق پر غور کرو اور جھگڑالو مت بنو۔(النحل:4،پارہ14)

اللہ کی دی ہوئی نعمتوں سے فائدہ اٹھاؤ، ان کا شکر ادا کرو، اور ناشکری سے بچو۔(النحل:5،پارہ14)

اللہ کی نعمتوں سے لطف اندوز ہو، ان کی قدر کرو، اور انہیں ضائع نہ کرو۔(النحل:6،پارہ14)

اللہ کی دی ہوئی سواریوں سے فائدہ اٹھاؤ، سفر میں ان کا استعمال کرو،(امر اباحتی)اور ناشکری سے بچو۔(النحل:7،پارہ14)

اللہ کی پیدا کردہ سواریوں کو زینت اور سواری کے لیے استعمال کرو،

اور تکبر نہ کرو۔(النحل:8،پارہ14)

سیدھے راستے پر چلو، گمراہی سے بچو، اور ہدایت کی دعا کرو۔ (النحل:9،پارہ14)

بارش کو اللہ کی رحمت سمجھو،اس کے فوائد پر غور کرو،اور کفرانِ نعمت سے بچو۔(النحل:10،پارہ14)

اللہ کی دی ہوئی پیداوار سے فائدہ اٹھاؤ، ان پر غور و فکر کرو، اور بے دھیانی میں نہ رہو۔(النحل:11،پارہ14)

اللہ کے نازل کردہ پانی سے پیدا ہونے والی نعمتوں میں غور و فکر کرو۔ (النحل:11،پارہ14)

اللہ کی پیدا کردہ نشانیوں میں عقل سے کام لو۔(النحل:12،پارہ14)

4. اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کو یاد رکھو اور ان سے نصیحت حاصل کرو۔ (النحل:13،پارہ14)

5. اللہ کے فضل کو تلاش کرو اور اس کا شکر ادا کرو۔(النحل:14،پارہ 14)

اللہ ہی کو معبود مانو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو۔(النحل:

22،پارہ14)

اللہ پاک کی نعمتوں کا جو بے شمار ہیں شکر ادا کرو۔ (پارہ 14 ، النحل:18)

1. تکبر نہ کرو، کیونکہ اللہ متکبرین کو پسند نہیں کرتا۔(پارہ14،النحل: 23)

2. جہالت کے ساتھ دوسروں کو گمراہ نہ کرو، ورنہ ان کے گناہوں کا بوجھ بھی اٹھانا پڑے گا۔(پارہ14،النحل:25)

1. اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو۔(پارہ14،النحل:28)

2. تکبر نہ کرو۔(پارہ14،النحل:29)

3. اللہ کے نازل کردہ احکام کو خیر سمجھو اور اس پر عمل کرو۔(پارہ14، النحل:30)

4. تقویٰ اختیار کرو۔(پارہ14،النحل:31)

5. اعمال صالحہ اختیار کرو۔(پارہ14،النحل:32)

6. اللہ کے احکام کی پیروی کرو۔(پارہ14،النحل:33)

7. برے اعمال نہ کرو۔(پارہ14،النحل:34)

1. اللہ کی عبادت کرو۔(پارہ14،النحل:36)

2. طاغوت(شیطان)سے بچو۔(پارہ14،النحل:36)

. زمین میں سفر کرو اور جھٹلانے والوں کے انجام پر غور کرو۔(پارہ 14،النحل:36)

. اللہ کے راستے میں اسلام کی بقا کے لیے ہجرت کرو۔(پارہ14،النحل: 41)

. صبر کرو۔(پارہ14،النحل:42)

. اللہ پر توکل کرو۔(پارہ14،النحل:42)

. اگر نہ جانتے ہو تو اہلِ ذکر سے پوچھو۔(پارہ14،النحل:43)

. قرآن میں غور و فکر کرو۔(پارہ14،النحل:44)

. اللہ کے سوا کسی کو معبود نہ بناؤ۔(پارہ14،النحل:51)

2. صرف اللہ سے ڈرو۔(پارہ14،النحل:51)

3. اللہ کے ہر حکم پر عمل کرو۔(پارہ14،النحل:50)

4. ہمیشہ اللہ کا خوف دل میں رکھو۔(پارہ14،النحل:50)

. آسمانوں اور زمین کی ہر مخلوق کی طرح تم بھی اللہ کے حضور جھک

جاؤ۔(پارہ14،النحل:49)

صرف اللہ سے ڈرو، کسی اور سے نہ ڈرو۔(پارہ14،النحل:52)

۔اللہ کی عطا کردہ نعمتوں کا شکر ادا کرو، ناشکری نہ کرو۔(پارہ 14، النحل:53)

مصیبت میں اللہ کی طرف رجوع کرو، غیر اللہ کو معبود سمجھ نہ کر پکارو۔(پارہ14،النحل:53)

اللہ کی دی ہوئی نعمتوں کو کفرانِ نعمت میں مت بدلو۔(پارہ 14، النحل:54)

اللہ پاک کے متعلق غلط عقیدہ نہ رکھو۔(پارہ14،النحل:57)

بیٹیوں کی پیدائش پر ناپسندیدگی کا اظہار نہ کرو، ۔(پارہ14، النحل: 58)

بیٹیوں کو زندہ درگور مت کرو، عزت و احترام دو۔(پارہ14، النحل: 59)

آخرت کا انکار نہ کرو، بلکہ اس پر ایمان لاؤ۔(پارہ14،النحل:60)

.ظلم سے باز آجاؤ، ورنہ مقررہ وقت پر پکڑ ہوگی۔(پارہ14، النحل:

(61

اللہ کے بارے میں ناپسندیدہ باتیں نہ کہو، سچائی اختیار کرو۔ (پارہ 14، النحل:62)

شیطان کے وسوسوں میں نہ آؤ، نیک اعمال اپناؤ۔ (پارہ 14، النحل:

(63

اختلافات میں قرآن سے رہنمائی لو، اپنی رائے نہ گھڑو۔ (پارہ 14، النحل:64)

اللہ کی نشانیاں غور سے سنو، ان سے سبق حاصل کرو۔ (پارہ 14، النحل:65)

چوپایوں میں غور کرو، اللہ کی نعمتوں کو پہچانو۔ (پارہ14، النحل:66)

کھجور اور انگور کے پاکیزہ رزق سے فائدہ اٹھاؤ، ناپاک چیزیں نہ بناؤ۔ (پارہ14، النحل:67)

شہد کی مکھی کی طرح فرمانبردار رہو، حکمت کو اپناؤ۔ (پارہ14، النحل:

(68

شہد میں شفا ہے، اس کی قدر کرو اور غور و فکر کرو۔ (پارہ14، النحل:

(69

رزق میں اللہ کی تقسیم پر راضی رہو، ناشکری نہ کرو۔(پارہ14، النحل: 71)

بڑھاپے اور ناتوانی کو یاد رکھو، غرور نہ کرو۔(پارہ14، النحل:70)

اللہ نے تمہارے لیے بیویاں، بیٹے اور پوتے پیدا کیے، ان نعمتوں کی ناشکری نہ کرو۔(پارہ14، النحل:72)

اللہ پاک کی سب سے بڑی نعمت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کر کے کفر اختیار نہ کرو۔(پارہ14، النحل:72)

اللہ کی نعمتوں کی ناشکری نہ کرو، باطل پر ایمان نہ لاؤ۔(النحل:72)

اللہ کے سوا کسی کو حقیقی حاجت روا نہ سمجھو۔(النحل:73)

غلام اور آزاد، محتاج اور سخی برابر نہیں ہو سکتے اس مثال سے اللہ کی عطا کو پہچانو۔(پارہ14، النحل:75)

عدل و انصاف کا حکم دو، سیدھی راہ پر چلو، بے کار اور بے بس نہ بنو۔(النحل:76)

گونگا اور ناتواں شخص اور عدل و انصاف کرنے والا برابر نہیں ہو سکتے

اسے مثال کو سمجھ کر راہِ حق کو اختیار کرو۔(پارہ14،النحل:76)

قیامت کی گھڑی کو قریب جانو،اس دن کی تیاری کرو۔(النحل:77)

قیامت کی گھڑی پلک جھپکنے سے بھی قریب ہے، اس دن کی تیاری کرو۔(پارہ14،النحل:77)

اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرو،ناشکری نہ کرو۔(النحل:78)

اللہ کی نشانیوں پر ایمان لاؤ، پرندوں کے تسخیر ہونے میں غور و فکر کرو۔(النحل:79)

اپنے گھروں اور لباس کو اللہ کی نعمت سمجھو،اس کے احسانات کو مت بھولو۔(النحل:80-81)

اللہ کے دین کو قبول کرو، اس کی نعمتوں سے فائدہ اٹھا کر سرکشی نہ کرو۔(النحل:81)

حق بات پہنچا لوگوں تک دو۔(النحل:82)

اللہ کی نعمتوں کو پہچانو اور ان کا انکار نہ کرو۔(النحل:83)

ظلم نہ کرو۔(النحل:85)

شرک نہ کرو۔(النحل:86)

اللہ کے سوا کسی کو نہ پکارو۔(النحل:87)

اللہ کے راستے سے مت روکو۔(النحل:88)

قرآن کو رہنما مانو۔(النحل:89)

کفر اور شرک سے بچو، ورنہ قیامت کے دن کوئی معذرت قبول نہ ہو گی۔(النحل:84)

ظلم نہ کرو، کیونکہ ظالموں کے لیے عذاب میں کوئی تخفیف نہ ہو گی۔ (النحل:85)

اللہ کے سوا کسی کو معبود نہ بناؤ، کیونکہ قیامت کے دن جھوٹے معبود بھی انکار کر دیں گے۔(النحل:86-87)

لوگوں کو اللہ کے راستے سے مت روکو، ورنہ عذاب مزید بڑھا دیا جائے گا۔(النحل:88)

قرآن کو ہدایت، رحمت اور بشارت سمجھو، اس سے روگردانی نہ کرو۔ (النحل:89)

1. عدل کرو۔(النحل:90)

2. احسان کرو۔(النحل:90)

3. اللہ پاک کے دیئے ہوئے رزق میں سے غریب رشتہ داروں کو دو۔ (النحل:90)

4. فحاشی نہ پھیلاؤ۔ / فحاشی کو روکو. (النحل:90)

5. برائی نہ کرو۔ / بتائی کو روکو۔(النحل:90)

6. سرکشی نہ کرو۔(النحل:90)

7. اللہ کا عہد پورا کرو۔ / وعدہ خلافی نہ کرو۔(النحل:91)

8. قسمیں نہ توڑو۔ / قسموں کو پورا کرو۔(النحل:91)

9. دھوکہ نہ دو۔(النحل:92)

10. قسموں کو اپنے درمیان دھوکے اور فساد کا ذریعہ نہ بناؤ۔(النحل:94)

اللہ کے عہد کو کسی قیمت پر نہ توڑو اور اسلام پر قائم رہو۔(النحل:95)

وعدے کی پاسداری کر کے صبر کرو۔(النحل:96)

باقی رہنے والی (آخرت) کو فنا ہونے والی (دنیا) پر ترجیح دو۔(النحل:96)

نیک عمل کرو۔(النحل:97)

قرآن پڑھو تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگو۔ / قرآن پاک کی تلاوت شروع کرتے وقت تعوذ پڑھو۔(النحل:98)

اللہ پر توکل کرو۔(النحل:99)

شیطان سے دوستی نہ کرو۔(النحل:100)

قرآن پر اعتراض نہ کرو۔(النحل:101)

قرآن پر ایمان لاؤ۔(النحل:102)

قرآن کو ہدایت اور خوشخبری سمجھو۔(النحل:102)

جھوٹا الزام نہ لگاؤ۔(النحل:103)

اللہ کی آیات کا انکار نہ کرو۔(النحل:104)

جھوٹ نہ بولو۔(النحل:105)

کفر اختیار نہ کرو، ایمان پر قائم رہو۔(النحل:106)

اکراہ کی صورت میں بھی دل کا ایمان مطمئن رکھو۔(النحل:106)

دنیاوی زندگی کو آخرت پر ترجیح نہ دو۔(النحل:107)

کفار کے راستے پر نہ چلو، کیونکہ اللہ انہیں ہدایت نہیں دیتا۔(النحل:107)

اللہ کی نعمتوں کی ناشکری نہ کرو۔(النحل:112)

جب آزمائش آئے تو ہجرت، جہاد اور صبر اختیار کرو۔(النحل:110)

ہر انسان قیامت کے دن اپنے اعمال کا خود جواب دہ ہو گا۔(النحل: 111)

امن و اطمینان کو کفر اور ناشکری سے نہ برباد کرو۔(النحل:112)

اللہ کے رسول کی تکذیب نہ کرو۔(النحل:113)

رسول اللہ کی تکذیب کرکے اپنے آپ کو عذاب کا حقدار نہ ٹھہراؤ۔(النحل:113)

اللہ کے دیے ہوئے حلال اور پاکیزہ رزق کو کھاؤ۔(النحل:114)

اے ایمان والو! اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرو۔(النحل:114)

مردار، بہتا ہوا خون، سور کا گوشت، اور غیر اللہ کے نام پر ذبح شدہ جانور حرام ہیں، ان کو نہ کھاؤ۔(النحل:115)

اللہ پر جھوٹ باندھ کر کسی چیز کو از خود حلال یا حرام قرار نہ دو۔(النحل:116)

اللہ پر جھوٹ نہ باندھو۔(النحل:116-117)

اللہ پر جھوٹ باندھنے والوں کی پیروی نہ کرو، کیونکہ وہ کبھی فلاح نہیں پائیں گے۔(النحل:116-117)

اللہ کی نازل کردہ حرام کردہ چیزوں کو حرام ہی سمجھو، ان کو حلال مت سمجھو۔(النحل:118)

گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کرو اور اپنی اصلاح کرو۔(النحل:119)

اللہ کی عبادت میں اخلاص رکھو اور شرک سے بچو۔(النحل:120)

اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرو۔(النحل:121)

ابراہیم علیہ السلام کے دینِ حنیف کی پیروی کرو۔(النحل:123)

لوگوں کو حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ اللہ کے راستے کی دعوت دو۔(النحل:125)

مخالفین سے بہترین انداز میں مناظرہ کرو۔(النحل:125)

اگر بدلہ لینا ہو تو اتنا ہی لو جتنا تم پر ظلم کیا گیا ہو، حد سے تجاوز نہ کرو۔(النحل:126)

صبر کرو، کیونکہ صبر کرنا بہتر ہے۔(النحل:126)

اللہ پر بھروسہ رکھو اور مشکلات پر پریشان نہ ہو۔(النحل:127)

پرہیز گاری اختیار کرو، کیونکہ اللہ متقی اور نیک لوگوں کے ساتھ ہے۔

(النحل:128)

درسِ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ایک غلام آزاد کیا

مَنْ سَلَّمَ عَلَیَّ عَشْرًا فَکَاَنَّمَا اَعْتَقَ رَقَبَۃً

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: جس نے مجھ پر دس(10) بار سلام بھیجا گویا اُس نے ایک گردن (یعنی غلام) کو آزاد کیا۔ (الشفا، 2/76)

کالے چہرے

اَلْمُصِیْبَۃُ تُبَیِّضُ وَجْہَ صَاحِبِہَا یَوْمَ تَسْوَدُّ الْوُجُوْہُ

(معجم اوسط، 3/290، حدیث:4622)

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم: مصیبت اپنے صاحب (یعنی مصیبت زدہ) کا چہرہ اس دن چمکائے گی جس دن چہرے سیاہ ہوں گے۔

شرحِ حدیث: یعنی قیامت کے دن مصیبت زدہ کا چہرہ سفید اور روشن ہو گا اور اس دن اہلِ باطل کے چہرے سیاہ ہوں گے اور اندھیرے نے انہیں ہر طرف سے گھیرا ہوا ہو گا۔ (فیض القدیر، 6/354، تحت الحدیث:

9218)

والدین کی قبر پر حاضری

مَنْ زَارَ قَبْرَ أَبَوَيْهِ اَوْ اِحْدَاهُمَا فِيْ كُلِّ جُمُعَةٍ غُفِرَ لَهُ وَكُتِبَ بَرًّا

(شعب الایمان، 6/201، حدیث: 7901)

فرمانِ مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم: ”جو اپنے والدین دونوں یا ایک کی قبر کی ہر جمعے کے دن زیارت کرے گا، اس کی مغفرت ہو جائے گی اور وہ نیکوکار لکھا جائے گا۔“

شرحِ حدیث: یہاں جُمعہ سے مراد یا تو جُمعہ کا دن ہے یا پورا ہفتہ، بہتر ہے کہ ہر جُمُعَہ کے دن والدین کی قُبُور کی زیارت کیا کرے، اگر وہاں حاضری مُیَسَّر نہ ہو تو ہر جُمُعَہ کو ان کے لئے ایصالِ ثواب کیا کرے۔ (مراٰۃ المناجیح، 2/526)

✍راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر:ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل
https://wa.me/923126392663

اپنا تعلیمی ادارہ بنائیں | علم بھی پھیلائیں | روزگار بھی پائیں

قرآن کورسز کیسے کروائیں؟
(15 کورسز کروانے کی تربیت و نصاب)

حدیث کورسز کیسے کروائیں؟
(19 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

تعلیمات قرآن و حدیث کورس کیسے کروائیں؟
(کورسز اور کتابوں کی نشاندہی)

سیرت کورسز کیسے کروائیں؟
(14 کورسز کی تربیت، نصاب مع انداز)

انسٹیٹیوٹ چلانے میں معاون 100 سے زائد اہم ترین نکات پر لیکچر ہوں گے۔

- آن لائن اداروں کی ضرورت و اہمیت
- آن لائن کورسز کیوں اور کیسے کروائیں؟
- آن لائن ادارے کامیاب کرنے کی ٹپس
- آن لائن کورسز اور مالی دھوکے بازیاں
- آن لائن کورسز کے سرٹیفکیٹ کیسے دیں؟
- قرآن، حدیث اور دیگر کورسز بنانے کی ٹریننگ
- کورسز کی سلائیڈز کے لیے پاور پوائنٹ کی ٹریننگ
- درسِ نظامی والے کون سے کورسز کروائیں؟
- کثیر افراد سے رابطہ کیسے بڑھائیں؟
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری کمپیوٹر ٹریننگ
- آن لائن اکیڈمی کے لیے ضروری موبائل ٹریننگ
- زوم پر کلاس اور ریکارڈنگ کا طریقہ
- انسٹیٹیوٹ کو اہل علم میں کیسے متعارف کروائیں؟
- بیرونِ ملک سے فیس کیسے منگوائیں؟

رجسٹریشن کی آخری تاریخ
9 مارچ 2025

داخلہ کی تفصیل

10 تا 20 مارچ 2025

داخلہ فیس انتہائی کم

پاکستان: 500 روپے | ہندوستان: 300 روپے

کلاس کی تفصیل

روزانہ واٹس اپ پر ریکارڈنگ بھیجی جائے گی

اپنی سہولت سے کسی بھی وقت ویڈیوز دیکھیں

ہر طرح کا سوال کرنے کی اجازت | اختتام پر سرٹیفکیٹ

داخلہ لینے والوں کو 100 تحقیقی کورسز کی ریکارڈنگ فری ملے گی

مدرس

استاذ التحقیق والتصنیف علامہ راشد علی مدنی
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل

ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل

ایجوکیشن فیلڈ، تحقیق و تصنیف، مقالہ نگاری، ایم فل اور پی ایچ ڈی والوں کے لیے خاص تحفہ

معلم و مربی اعظم، آخری نبی، محمد عربی ﷺ کے تربیت و تفہیم کے 212 سے زائد اسالیب و طُرق پر مشتمل پہلی جامع و ضخیم تصنیف (متن حدیث و سیرت سے مستنبط شدہ اسالیب)

کتابِ ہذا میں الحمدللہ

تربیت و تفہیم کے 212 ایسے انداز اور طریقے، احادیث کریمہ اور سیرتِ طیّبہ سے مستنبط کیے گئے ہیں جو پہلے کسی بھی کتاب میں یکجا نہیں، جبکہ اکثر ایسے کہ پہلے کبھی نہ لکھے گئے۔

الحمد للہ علی ذلک

کتاب کے ابواب اور خاصیات

تربیت و تفہیم کے 212 نبوی اسالیب

- تعلیم و تعلم کے فروغ کے نبوی اہتمامات ﷺ
- رسول اللہ ﷺ کی تربیت و تفہیم کے ثمرات و نتائج
- رسول اللہ ﷺ کے جامع اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ ﷺ کے متفرق اسالیبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ ﷺ کا سوالیہ اسلوبِ تربیت و تفہیم
- رسول اللہ ﷺ کے جوابی اسالیبِ تربیت و تفہیم
- حسنِ معاشرت کے 100 نبوی اصول
- سیرت النبی ﷺ پر لکھنے کے مجوزہ عناوین

کتاب کے ساتھ ان شاء اللہ

- سیرت نگاری کی تحقیقی و تصنیفی تربیت پر مشتمل 12 اہم ترین کورسز کی ویڈیوز کے لنکس فری
- سیرت النبی ﷺ پر ہزاروں کتب و مقالات اور تحقیقات کے لنکس اور ویب سائٹس
- سیرت النبی پر بیانات کرنے اور سیرت کورسز کروانے والوں کے لیے انتہائی نایاب سرمایہ
- سیرت کے موضوعات پر ایم فل اور پی ایچ ڈی کرنے والوں کے لیے 1500 سے زائد تحقیقی عنوانات

قیمت مع ہوم ڈیلیوری
صرف 600 روپے

ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل | +92312-6392663 | بکنگ کے لیے کتاب لکھ کر واٹس ایپ کیجیے